**20.06.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمان

**Music**

---

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے اڈیشہ اور بہار میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ انھوں نے کہا ہے کہ BJP نے نکسل سے متاثر اضلاع کی تعداد میں کمی کی ہے اور اب یہ 20 سے بھی کم ہے۔
- ☆ کل دنیا بھر میں یوگ کا گیارھواں بین الاقوامی دن منایا جائے گا۔
- ☆ امدادِ باہمی کے وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ NAFED، کسانوں سے براہِ راست خریداری کرے گا۔
- ☆ ایران کے وزیر خارجہ، جرمنی، فرانس اور برطانیہ کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ، جنیوا میں بات چیت کررہے ہیں جبکہ اسرائیل کے ساتھ لڑائی آٹھویں دن میں داخل ہوگئی ہے۔
- ☆ آئی ایم ڈی نے آئندہ چند دنوں کیلئے شمال مغربی بھارت کے بہت سے علاقوں میں کہیں کہیں پر شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔
- ☆ اور کرکٹ میں، یشسوی جیسوال نے، بھارت اور انگلینڈ کے درمیان پانچ میچوں کی سیریز کے افتتاحی میچ میں Leeds میں سنچری اسکور کی۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Odisha**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج بہار اور اڈیشہ میں 23ہزار 800 کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ وزیر اعظم نے اڈیشہ میں BJP کی پہلی حکومت کے ایک سال مکمل ہونے کی یاد میں اڈیشہ میں منعقد ایک پروگرام میں شرکت کی۔ 18ہزار 600 کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے کے بعد اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ملک نکسل لعنت کا جلد ہی خاتمہ ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مرکز میں BJP کی حکومت نے ملک میں نکسل سے متاثرہ اضلاع کی تعداد کو کم کر دیا ہے اور یہ تعداد 20 سے بھی کم رہ گئی ہے۔

2100- PM Modi on Naxal

وزیر اعظم نے حکمرانی کے کانگریس ماڈل کی نکتہ چینی کی، جس نے بڑے پیمانے پر بدعنوانی کی وجہ سے لوگوں کی زندگی کو مصیبت زدہ بنا دیا ہے۔ انہوں نے آسام اور تریپورہ سمیت مختلف ریاستوں میں BJP کی اچھی حکمرانی کے ماڈل کو اجاگر کیا، جو اب امن اور ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے اِس امید کا اظہار کیا کہ اڈیشہ 2036 تک ایک ترقی یافتہ ریاست بن جائے گی، جس کا خاکہ اڈیشہ وژن ڈاکیومنٹ 2036میں پیش کیا گیا ہے، جس کا انہوں نے اجرا کیا تھا۔

2100- PM Modi on

**PM Address Siwan**

اِس سے قبل وزیر اعظم نے آج بہار کے سیوان میں تقریباً 5ہزار 900 کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ سیوان میں جسولی کے مقام ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ NDA، ترقی کی ایک علامت ہے، کیونکہ اس نے گزشتہ گیارہ برسوں میں بہار کو خوشحالی اور تیزی سے ترقی کے راستے پر گامزن کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہار میں NDA نے بہار کی ترقی کیلئے مختلف اقدامات کیے ہیں اور دیگر بہت سے ابھی کیے جائیں گے۔

1400- PM- 10 Years

**PM Yoga**

کل پوری دنیا میں یوگ کا گیارہواں بین الاقوامی دن منایا جائے گا۔ ثقافت کی وزارت، ملک بھر میں 100سیاحوں پر مبنی مشہور مقامات اور مزید 50ثقافتی مقامات پر یوگ کے اجلاس کا انعقاد کرے گی۔ اصل تقریب وشاکھاپٹنم میں آیوش کی وزارت کے ذریعے منعقد کی جائے گی، جس میں وزیر اعظم نریندر مودی شرکت کریں گے۔ دنیا کے دیگر حصوں میں بھی اس دن کو منانے کیلئے تیاریاں پورے زور و شور سے جاری ہیں۔ نیپال میں بھارتی مشن نے، آج پوکھرا میں Fewa Lakeside کے مقام پر یوگ کا اجلاس منعقد کیا۔ سعودی عرب اور قطر میں بھارتی سفارتخانے، طلباء سمیت بھارتی باشندوں کے ساتھ دن کی تقریبات منائیں گے۔ اِس میں لوگوں کے بڑی تعداد میں شرکت کرنے کی توقع ہے۔ ریاض میں یہ تقریب پرنس فیصل بن فہد اسپورٹس سٹی اسٹیڈیم میں منعقد کی جائے گی۔ جدّہ میں یہ تقریبات ایک روز قبل منعقد کی گئی۔ x

**Amit Shah Nafed**

مرکزی وزیر داخلہ اور امدادِ باہمی وزیر امت شاہ نے آج اعلان کیا کہ NAFED جلد ہی کسانوں سے براہِ راست خریداری کا سلسلہ شروع کرے گا جس کا مقصد زرعی پیداواری عمل سے بچولیوں کا خاتمہ کرنا ہے۔ وہ امدادِ باہمی کے قومی سال کے موقع پر ممبئی میں منعقدہ ایک قومی سیمینار سے خطاب کر رہے تھے۔ جناب شاہ نے اِس اعتماد کا اظہار کیا کہ یہ قدم کسانوں کو اپنی پیداوار کی اچھی قیمتیں حاصل کرنے میں مدد دے گا۔

S/B 2100 Amit Shah on NAFED MSP

انھوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت، امدادِ باہمی کے ماڈل پر مبنی جلد ہی ایک بیمہ کمپنی شروع کرے گی۔
مرکزی وزیر نے مطلع کیا کہ دو لاکھ نئی ابتدائی زرعی کریڈٹ سوسائٹیاں ملک بھر میں قائم کی جائیں گی۔
جناب شاہ نے اِس اعتماد کا اظہار کیا کہ اگلے دس سالوں میں امدادِ باہمی کے بڑے ادارے تین کلیدی شعبوں، برآمدات، آرگینک فوڈ اور بیجوں کے شعبوں میں اُبھریں گے جو کسانوں کی زندگی کے معیار کو بہتر بنانے میں نمایاں تعاون کریں گے۔x

## Shivraj Cooperatives International Year

زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے آج کہا کہ امدادِ باہمی کا جذبہ ہزاروں سال سے بھارت کی مٹی میں گہرائی کے رَچا بسا ہے۔ انھوں نے کہا ہے کہ سب کی بہبود کا جذبہ بھارت کی رگوں میں دوڑتا ہے جو کہ امدادِ باہمی کا اصل جزو ہے۔ وہ امدادِ باہمی کے بین الاقوامی سال کے موقع پر ممبئی میں منعقدہ قومی سیمینار سے خطاب کر رہے تھے۔ جناب چوہان نے مرکز کے ذریعے شروع کردہ اُن مختلف اسکیموں کو اجاگر کیا، جن کا مقصد زرعی پیداوار میں اضافہ کرنا، زراعت سے منسلک صنعتوں کے ذریعے کسانوں کی کمائی کو بڑھانا اور پائیدار کاشتکاری کے ذریعے حیاتیاتی توازن کو برقرار رکھنا ہے۔x

## Prez Uttarakhand

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے زندگی کے سبھی شعبوں میں معذور افراد کی حوصلہ افزائی کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ جدید ترین ٹیکنالوجیوں کی مدد سے، معذور افراد، اصل دھارے میں موثر طور پر تعاون دے سکتے ہیں۔صدر جمہوریہ آج دہرہ دون میں بصارت سے محروم افراد کو با اختیار بنانے سے متعلق قومی انسٹی ٹیوٹ میں طلباء سے خطاب کر رہی تھیں۔اس سے قبل صدر جمہوریہ نے دہرہ دون میں راشٹرپتی نیکیتن اور راشٹرپتی تپووَن کا افتتاح کیا۔ x

## Rev. Iran Israil

اسرائیل اور ایران کے درمیان آج مسلسل آٹھویں دن ایک دوسرے پر میزائل حملے جاری رہے۔ اُدھر ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی، جرمنی، فرانس اور برطانیہ کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ جاری بگڑتی ہوئی صورتحال کو کم کرنے کیلئے جنیوا میں ملاقات کررہے ہیں۔اِسی دوران، ایران کے ایک میزائل حملے سے جنوبی اسرائیل کے Beersheba علاقے میں نقصان ہوا۔ اس حملے میں کم سے کم پانچ افراد زخمی ہوگئے۔ دوسری جانب اسرائیلی فضائیہ نے کہا ہے کہ اُس نے مغربی اور وسطی ایران میں فوجی بنیادی ڈھانچے پر حملہ کیا ہے۔
پیش ہے ایک رپورٹ.........

VC Vindo Kumar

جاری لڑائی مغربی ایشیاء کے توانائی کے شعبے کیلئے تشویش کا باعث ہو رہی ہے۔ قطر میں توانائی کی بڑی کمپنیوں کے ساتھ ہنگامی میٹنگیں ہو رہی ہیں۔ یہ میٹنگیں جنوبی Pars، شمالی Dome پر اسرائیلی حملوں کے بعد کی جارہی ہیں جو قدرتی گیس کا سب سے بڑا ذخیرہ ہے جسے ایران اور قطر مشترکہ طور پر استعمال کرتے ہیں۔ صنعتی واقف کاروں کا کہنا ہے کہ اس حملے نے علاقائی توانائی کے تحفظ کیلئے سنگین خطرہ کھڑا کردیا ہے، کیونکہ عالمی تیل کی منڈیاں خلیج کی فراہمی میں مزید کوئی خلل برداشت نہیں کرسکتی۔ بین الاقوامی ردِّعمل غیرواضح ہے۔ امریکہ نے خطے میں اپنی فوجی موجودگی میں اضافہ کیا ہے اور اِسے ایک احتیاطی قدم قرار دیا ہے۔ اسی دوران، روس نے ایک سخت وارننگ جاری کی ہے۔ کریملن نے کہا ہے کہ اگر اسرائیل نے، امریکی حمایت کے ساتھ، ایران کے سپریم لیڈر پر حملہ کیا تو وہ انتہائی سخت جواب دے گا۔اسی دوران، ایران میں بڑے پیمانے پر احتجاج جاری ہیں۔ ہزاروں افراد تہران اور دیگر شہروں میں جمع ہیں اور اسرائیل کے خلاف اپنے غصے کا اظہار کر رہے ہیں۔
دوبئی سے آکاشوانی نیوز کیلئے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

## Flight Operation Sindhu

آج رات دو پروازیں، بھارتی شہریوں کو واپس لے کر نئی دلّی پہنچیں گی۔ پہلی پرواز ایران کے Mashad سے اور دوسری پرواز ترکمانستان کے اشک آباد سے بھارت آئیں گی۔ حکومت ہند نے ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری لڑائی کی وجہ سے بگڑتی صورتحال کے مدنظر اران سے بھارتی شہریوں کو واپس لانے کیلئے آپریشن سندھو کی شروعات کی ہے۔ کل ایک پرواز شمالی ایران سے 110 بھارتی شہریوں کو واپس لے کر نئی دلّی پہنچی تھی۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے اگلے کچھ روز کے دوران شمال مغربی بھارت کے مختلف حصوں میں دور دور تک موسلا دھار بارش ہونے کی پیشگوئیکی ہے۔ IMD نے آسام، میگھالیہ، مشرقی مدھیہ پردیش اور مشرقی اترپردیش میں کل دور دور تک شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق انڈمانو ونکوبار جزائر، اروناچل پردیش، بہار، چھتیس گڑھ، گجرات، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلّی میں شدید بارش ہوگی۔ موسمیات سے متعلق محکمے نے کہا ہے کہ گجرات، کونکن، گوا اور مدھیہ مہاراشٹر کے علاقوں میں 26جون تک ہلکی سے واسط بارش ہونے کا امکان ہے۔

## CBIC Finance Conclave

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے Indirect ٹیکسز اینڈ کسٹمز کے مرکزی بورڈ کے اعلیٰ حکام کے ساتھ آج نئی دلّی میں ایک کانکلیو کی صدارت کی۔ انھوں نے اُن سے GST کے اندراج کو سہل بنانے، عوامی شکایت کو تیزی کے ساتھ حل کرنے اور کسٹمز اور GST معاملات میں تحقیقات میں تیزی لانے کیلئے کہا۔ انھوں نے ٹیکس استثنیٰ کو روکنے اور جعلی Input Tex Credit دعووں اور درآمدات میں تاخیر کو کم کرنے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔x

## Finance Time Release Study

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج نئی دلّی میں نیشنل ٹائم ریلیز اسٹڈی کے پانچویں اڈیشن کو جاری کیا۔ Time Release Study-TRS، کارکردگی کی پیمائش کا ایک آلہ ہے، جو cargo کے کلیرینس کے عمل کے دوران لگنے والے وقت کا مقداری اندازہ فراہم کرتا ہے اور جو release میں لگنے والے وقت کا جائزہ لینے میں مدد فراہم کرتا ہے۔سال 2019سے TRS کو 15اہم مقامات پر انجام دیا جا رہا ہے، جن میں سمندری بندرگاہیں، ایئر کارگو کمپلیکسز، inland Container ڈپوٹس اور مربوط جانچ چوکیاں شامل ہیں۔ x

## INS Teg Mauritius

بھارتی بحریہ کا جہاز INS Teg ماریشس کے پورٹ لوئس پہنچ گیا ہے۔ یہ ماریشس کے قومی ساحلی گارڈ (NCG) کے جہازوں اور طیاروں کے ساتھ ماریشس کے خصوصی اقتصادی زون کی مشترکہ نگرانی کرے گا۔ یہ بحری جہاز اِس مہینے کی 22تاریخ تک جنوب مغربی بھارتی سمندری خطے میں کارروائی جاتی تعیناتی پر رہے گا۔ ایک بیان میں وزارت دفاع نے کہا کہ بھارتی بحریہ کا جہاز کُل یوگ کا بین الاقوامی دن بھی منائے گا جس میں اُس پر یوگ کا ایک مشترکہ اجلاس ہوگا۔x

## Forex Reserves

بھارت کے زرِ مبادلہ کے ذخائر میں دو اعشاریہ دو ارب ڈالر سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے اور یہ 13جون کو ختم ہونے والے ہفتے میں 698ارب ڈالر سے زیادہ ہوگئے ہیں۔ بھارتیہ ریزرو بینک کے ذریعے جاری کردہ ہفتے وار اعدادی سپلیمنٹ کے مطابق پچھلے ہفتے کے دوران، بیرونی کرنسی کے اثاثوں میں، جو کہ زرِ مبادلہ کے ذخائر کا ایک اہم عنصر ہیں، ایک اعشاریہ سات ارب ڈالر سے زیادہ کا اضافہ ہوا اور یہ 589ارب ڈالر سے زیادہ کے ہوگئے ہیں۔ سونے کے ذخائر میں 4 کروڑ 28لاکھ ڈالر سے زیادہ کا اضافہ ہوکر یہ 86اعشاریہ تین ایک ارب ڈالر تک پہنچ گئے ہیں۔x

## India England Cricket Test

بھارت آج Leeds میں Headingley کے مقام پر انگلینڈ کے خلاف شروعاتی ٹیسٹ کے پہلے دن آج بڑھتے ہوئے اپنے نوجوان بلے باز یشسوی جیسوال کی شاندار 100رن کی بدولت اچھی کارکردگی کی ہے۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے شروعاتی بلے باز کے ایل راہل اور یشسوی جیسوال 91رن کی بہترین شراکت داری کی۔ 1986میں عظیم بلے باز سنیل گواسکر اور کرس سری کانت کے 64رن کے ریکارڈ کو 39سال بعد سبقت حاصل کرلی ہے۔

☆☆☆☆☆☆